سوال

ایک نوجوان اپنی بہن کی سہیلی سے نکاح کرنا چاہتا ہے اوراس نے بہن سے سہیلی کی تصویر دکھانے کا مطالبہ کیاتا کہ اس کے بال دیکھ سکے، اور یہ نوجوان تصویر دیکھنے پر مصر ہے یہ علم میں رہے کہ وہ نوجوان دینی امور کا التزام کرنے والا ہے اور وہ شادی کرنا چاہتا ہے کھیلنا نہیں چاہتا، اس نے اس لڑکی کے بارہ میں بااخلاق ہونے کا علم ہونے کے بعد اسے اختیار کیا ہے، لیکن وہ اس کی شکل نہیں جانتا اوراسے دیکھا بھی نہیں وہ دیکھنے سے قبل اس کے ولی سے بات نہیں کرنا چاہتا، کیونکہ ہوسکتا ہے اسے شکل اچھی نہ لگے جس سے لڑکی کو دکھ پہنچے، توکیا اس کی بہن سہیلی کے علم کے بغیر بھائی کو تصویر دیکھا سکتی ہے تصویر ننگے سر کے ہے ؟

جواب

الحمد للہ

جو شخص کسی عورت سے منگنی کرنا چاہے تو اصل میں اس کےلیے عورت کو دیکھنا جائز ہے، نہ کہ عورت کی تصویر کو ہم سوال نمبر (4027) کے جواب میں شیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ کی جانب سے نقل کرچکے ہیں کہ :

" عورت کااپنے منگیتر کواپنی تصویر بھیجنا منع ہے "

شیخ رحمہ اللہ نے اس سے متوقع طور پر پیدا ہونے والی خرابیاں اور مفاسد بھی بیان کیے ہیں، لیکن ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی حالت میں یہ خرابیاں اور مفاسد نہیں، اس لیے آپ اس کی تصویر کو دیکھ سکتے ہیں اس میں کوئی حرج نہیں

کیونکہ جب آمنے سامنے عورت کو دیکھنا جائز ہے، توپھر اس کی تصویر دیکھنا توبالاولی جائز ہوگی، لیکن اس میں درج ذیل شروط وضوابط کا خیال کیا جائے :

1 یقینی طور پر اس عورت سے منگنی کریں، اوراگر آپ متردد ہیں توآپ کےلیے نہ تواس عورت کو دیکھنا جائز ہے، اورنہ ہی اس کی تصویر کو، کیونکہ شریعت نے صرف منگیتر کے لیے عورت کو دیکھنا جائز کیا ہے

2 تصویر میں عورت کا صرف چہرہ اورہاتھ اورعام طور پر جوظاہر ہوتا ہے اور محرم مردوں کے سامنے ننگا کر سکتی ہے مثلا سر اور گردن، نظر آئے، کیونکہ منگنی کرنے والے شخص کے لیے عورت کی یہی اشیاء دیکھنی جائز ہیں

اگر تصویر میں اس سے زائد ظاہر ہورہی ہے توپھر آپ کےلیے اسے دیکھنا جائز نہیں

3 آپ کسی قابل اعتماد اور بھروسہ والے شخص کے ذریعہ دیکھیں، جوامانت دار بھی ہو، عورت کےلیے جائز نہیں کہ وہ اپنی تصویر دیکھنے کےلیے منگیتر کوارسال کرے؛ کیونکہ اس کے نتیجہ میں بہت ساری خرابیاں پیدا ہوتی ہیں

4 معاملہ صرف تصویر دیکھنے پر مقتصر ہو، اور تصویر کو تکرار کے ساتھ دیکھنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن منگیتر کےلیے یہ تصویراپنے پاس رکھنی جائز نہیں، اورنہ ہی واسطہ بننے والے کے لیے اسے ایسا کرنے دینا چاہیے

5 منگیتر کے علاوہ کوئی اور شخص اس تصویر کو نہ دیکھے

جس عورت سے منگنی کرنا مقصود ہے اسے یا اس کی تصویر دیکھنے کے لیے اس عورت کی اجازت شرط نہیں ہے

لیکن اس کے باوجود اصل میں عورت کو آمنے سامنے دیکھنا ہی باقی رہے گا، کیونکہ یہی بہتر ہے، اس لیے کہ تصویر حقیقت بیان نہیں کرتی جیسا کہ بہت سارے اوقات میں ہوتی ہے، اور پھر تصویر میں تبدیلی بھی ہو سکتی ہے

واللہ اعلم.

اسلام سوال و جواب

132499